PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

چارروزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ: ٹیم وائیٹ کو ٹیم گرین پر 313 رنز کی سبقت

- محمد رضوان، بابر اعظم اور حیدر علی کی نصف سنچریوں نے ٹیم وائیٹ کی میچ میں گرفت مضبوط کردی
- سہیل خان کے پہلی اننگز میں 5 شکار

ڈربی،19 جولائی 2020ء:

دی انکورا کاؤنٹی گراؤنڈ ڈربی میں جاری چار روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ میں ٹیم وائیٹ نے ٹیم گرین کے خلاف اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے۔ ٹیم وائیٹ کو میچ کے تیسرے روز کھیل کے اختتام پر 313 رنز کی سبقت حاصل ہوچکی ہے اور اس کی ابھی 5 وکٹیں باقی ہیں۔ محمد رضوان 81 اور شاداب خان 20 رنز بناکر کریز پر موجود ہیں۔

اس سے قبل کپتان بابر اعظم اور حیدر علی نے بالترتیب 58 اور 51 رنز کی اننگز کھیلیں۔ دونوں کھلاڑیوں نے 41 کے مجموعی اسکور پر کریز سنبھالی تو اوپنر زشان مسعود (11) اور امام الحق (5) آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ چکے تھے۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز فواد عالم 3 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

68 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی ٹیم وائیٹ کی 5 وکٹیں 175 رنز پر گریں تو وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان اور شاداب خان کے درمیان اہم شراکت قائم ہوئی۔ دونوں نے تیسرے روز کھیل کے اختتام تک ٹیم کا مجموعہ 245 تک پہنچادیا۔

ٹیم گرین کے یاسر شاہ نے 2، نسیم شاہ، محمد عباس اور فہیم اشرف ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

اس سے قبل 249 رنز کے جواب میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 162 رنز سے میچ کے تیسرے روز اپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کرنے والی ٹیم گرین کی مشکلات کم نہ ہوئیں۔ اتوار کے روز ان کے بلے باز ایک بار پھر سہیل خان کی باؤلنگ کے سامنے بے بس نظر آئے

اور وقفے وقفے سے آؤٹ ہو کر پویلین واپس لوٹتے رہے۔ ٹیم گرین کی پوری ٹیم 181 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اسد شفیق 51 رنز بنا کر سب سے نمایاں بیٹسمین رہے۔

سہیل خان نے 50 رنز کے عوض 5 وکٹیں حاصل کیں۔ شاہین شاہ آفریدی نے 3 اور عثمان شنواری نے 1 وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.